# ملٹی پروفیشنلز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، اسلام آباد

mpchs

آپ کا اعتماد ہمارا اثاثہ

Ref: MPCHS/MG/NL-47
27th April, 2016

# ملٹی نیوز لیٹر
## اپریل 2016

## ملٹی گارڈنز B-17 سکیم

**معزز ممبران، السلام علیکم!**

ملٹی گارڈنز B-17 سکیم سوسائٹی کا سب سے بڑا پراجیکٹ ہے اور خوبصورتی کا شاہکار ہے۔ 20000 کنال سے زیادہ زمین پر پھیلی ہوئی چھ بلاک پر مشتمل یہ سکیم اپنے خوبصورت لے آؤٹ پلان کی وجہ سے ہر ایک کی دلچسپی کا مرکز ہے۔ مارگلہ کی پہاڑیوں کے دامن میں واقع ہے۔ یہ سکیم اپنے اندر پوری تاریخ سموئے ہوئے ہے۔ اس علاقے میں جہاں یہ سکیم واقع ہے وہاں چندر گپت موریا، چانکیہ کوٹلیہ، بدھا، گندھارا تہذیب۔ لودھی، غوری، مغل حکمرانوں کے قدم پڑے۔ یہ سکیم ایک اہم تہذیبی اور ثقافتی ورثہ رکھتی ہے۔ سوسائٹی نے اس کی اسی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے اس کا منفرد لے آؤٹ پلان ماہرین سے تیار کروایا ہے تاکہ صدیوں بعد بھی گندھارا کی روایات کو زندہ رکھا جا سکے اور صدیوں بعد بھی اس سکیم کی پلاننگ کی مثال دی جا سکے۔ تاریخ انسانی میں قابل ذکر چند ایک ہی تہذیبیں ہیں جن میں گندھارا تہذیب کا شمار صفِ اوّل کی تہذیبوں میں ہوتا ہے۔ اور یہ علاقہ گندھارا تہذیب کے نام سے دنیا بھر میں جانا جاتا ہے۔ سکیم میں داخل ہوتے ہی اس کی کشادگی اور سرسبز ماحول انسان کو محسور کر دیتا ہے۔ سکیم میں خوبصورت ڈیم، پارک اور کھیل کے میدان آج کل لوگوں کی تفریح کا مرکز بنے ہوئے ہیں۔ سکیم کی منفرد خصوصیات اس کے اطراف میں مارگلہ کے پہاڑ ہیں جبکہ فرنٹ پر GT روڈ اور بیک سے موٹروے گزر رہی ہے۔ مارگلہ روڈ کی تعمیر جاری ہے۔ اور پاک چائنہ اقتصادی رہداری بھی اس سکیم سے چند کلومیٹر کے فاصلے پر اسلام آباد سے منسلک ہو رہی ہے۔ جبکہ نیو اسلام آباد ائیر پورٹ بھی سکیم سے چند کلومیٹر کی مسافت پر واقع ہے۔ ان تمام سہولیات کو دیکھتے ہوئے آپ کہہ سکتے ہیں کہ اس سکیم کی مستقبل قریب میں اسلام آباد میں وہ جغرافیائی اور کاروباری اہمیت ہوگی جو کہ اپنے شاندار محل وقوع اور سٹریجیک گہرائی کی وجہ سے دنیا میں پاکستان کی ہے۔



جامع مسجد ابوبکر صدیقؓ B-17




## ملٹی کلب۔ہسپتال۔سائیٹ آفس اور تعلیمی ادارے

سوسائٹی نے یہاں لوگوں کی سہولت کے لئے اسلام آباد کلب کی طرز پر ملٹی کلب تعمیر کیا ہے۔ جو تقریباً 80 فیصد مکمل ہو چکا ہے اور یہ مستقبل قریب میں مکمل ہو جائے گا۔ صحت کے اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ہسپتال تعمیر ہو چکا ہے۔ جہاں ہمہ وقت طبّی سہولیات پوری کی جا رہی ہیں۔ سکیم کے ہر بلاک میں تعلیمی اور صحت کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے جگہ مختص کی گئی ہے جو یونیورسٹی، کالجز اور ہسپتال بنانے کیلئے اکثر لوگوں نے خرید لی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ سیکٹر B-17 میں تعلیم کے فروغ کیلئے سکولوں کی تعمیر بھی جاری ہے۔ جن میں الائیڈ سکول۔ قرطبہ اور سمارٹ سکول کی برانچز نے سکیم میں تدریس کا عمل جاری کر دیا ہے۔

## مساجد اور تفریحی مراکز

B-17 سکیم میں اعلیٰ معیار کی مسجد ابو بکر صدیقؓ کی تعمیر مکمل ہو چکی ہے جو نمازیوں کے لئے کھول دی گئی ہے جہاں تقریباً 5 ہزار نمازی بروقت نماز ادا کر سکتے ہیں۔ اور خواتین کے نماز پڑھنے کی سہولیت موجود ہے جبکہ جامع مسجد البشیر کی تعمیر تیزی سے جاری ہے۔ کرکٹ اور فٹ بال گراؤنڈ انٹرنیشنل قواعد وضوابط کے مطابق تیار کئے گئے ہیں۔ B اور C بلاک کے درمیان تفریحی سرگرمیوں کے لئے ایک طویل بیلٹ بنائی گئی ہے جسے ملک کے مشہور آرکیٹیکٹ مصطفیٰ کمال پاشا نے ڈیزائن کیا ہے۔ اس بیلٹ میں ہر قسم کی تفریحی سرگرمیوں کی گنجائش موجود ہوگی۔ جس میں سوئمنگ پول، ٹینس کورٹ، منی گالف کورس، سفاری پارکس جیسی سہولیات مہیا کی جائیں گی۔ تفریحی سرگرمیاں اپنے عروج پر ہیں اور B-17 سکیم کے کرکٹ اور فٹ بال گراؤنڈ میں آئے روز اسلام آباد، راولپنڈی، ٹیکسلا اور گردونواح سے کرکٹ اور فٹ بال کی ٹیموں کے میچ ہوتے ہیں جن میں حال ہی میں ملٹی سپر لیگ کا انعقاد کیا گیا ہے جس میں کھلاڑیوں کو انعامات بھی دیئے گئے۔

ملٹی میڈیکل سنٹر B-17






B-17 کمرشل ایریا

## کیپٹل سکوائر ولاز اور کیش اینڈ کیری


لوگوں کی ضروریات زندگی کو مدنظر رکھتے ہوئے یہاں پر بہت سے تجارتی مراکز قائم کردیئے گئے ہیں۔ جو مکمل طور پر فعال ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ ایک کثیر المنزلہ مال (کیپٹل سکوائر) کی تعمیر بھی بہت تیزی سے جاری ہے۔ جس کی 9 منزلیں مکمل ہوچکی ہیں۔ اس کو ملک کی معروف کنسٹرکشن کمپنی ریڈسن (REDSUN) بنارہی ہے جو انشاء اللہ مقررہ وقت سے پہلے ہی پایۂ تکمیل کو پہنچ جائے گا۔ اس میں شاپنگ مال کے علاوہ رہائشی فلیٹ تعمیر کئے جارہے ہیں جو انتہائی مناسب قیمت پر لوگوں کو دیئے جارہے ہیں۔ علاوہ ازیں کیش اینڈ کیری کیلئے پلاٹ بھی الاٹ کردیا گیا ہے جس کی تعمیر کا کام بہت جلد شروع ہونے والا ہے۔ سیکٹر میں تیزی سے آبادی کا عمل جاری ہے اور اب وہاں ہروقت گہما گہمی محسوس کی جاسکتی ہے۔ آبادی کے اس عمل میں تیزی لانے کیلئے ولاز کی تعمیر کا منصوبہ متعارف کروایا گیا ہے اور مختلف اچھی ساکھ کی حامل کمپنیوں کو ولاز کے پلاٹ الاٹ کردیئے گئے ہیں جو خوبصورت ڈیزائن کے حامل یہ ولاز انتہائی مناسب قیمت پر لوگوں کو فروخت کررہے ہیں۔

## D بلاک کے ممبران کے لئے خوشخبری

D بلاک کے الاٹیز کو بعض ناگزیر وجوہات کی بناپر کافی عرصہ انتظار کرنا پڑا جس کا انتظامیہ کو پورا پورا احساس ہے۔ D بلاک کے ممبران کا احساسِ محرومی دور کرنے کے لئے انتظامیہ نے شب و روز محنت کی اور الحمدللہ اب D بلاک میں ڈویلپمنٹ کے کام کا آغاز کردیا گیا ہے۔ جس کا قبضہ ممبران کو بہت جلد دے دیا جائے گا۔ C-1 سے بننے والی نئی 110 فٹ روڈ کی تعمیر سے اب D بلاک دو مین شاہراہوں کے درمیان ایک خوبصورت بلاک کی حیثیت اختیار کرگیا ہے۔ انشاء اللہ جلد ہی D بلاک کے ممبران یہاں پر گھر بنا کر رہائش پذیر ہو جائیں گے۔ اس سلسلے میں آپ ممبران کا تعاون اور تحمل قابلِ تعریف ہے۔



B-17 میں تعمیر شدہ گھر



B-17 میں خوبصورت جھیل کا منظر



B-17 فٹبال گراؤنڈ






B-17 کرکٹ گراؤنڈ



B-17 میں خوبصورت لینڈسکیپنگ



B-17 پلے ایریا

## بقایا رقوم کی ادائیگیاں

انتظامیہ آپ کو یقین دلاتی ہے کہ آپ کے اعتماد کو ہمیشہ برقرار رکھے گی۔ جدید اور معیاری طرز زندگی کو آپ کی دسترس میں لانے کے لئے سوسائٹی کا کردار آپ کے سامنے ہے۔ ہمیں امید ہے کہ آپ کا تعاون اسی طرح برقرار رہے گا۔ آپ بخوبی جانتے ہیں کہ مالی وسائل کی مسلسل فراہمی ہی سے مقررہ اہداف کا حصول ممکن بنایا جاسکتا ہے۔ عدم ادائیگی سوسائٹی کے طے شدہ اہداف اور ان کے حصول میں بے پناہ مشکلات پیدا کر سکتی ہے۔ اپنے تمام بقایاجات **مورخہ 25 مئی 2016** سے پہلے بذریعہ پے آرڈر/ ڈیمانڈ ڈرافٹ بنام "ملٹی پروفیشنلز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی" ملٹی مینشن G-8 مرکز اسلام آباد میں جمع کروا دیں یا پے آرڈر/ ڈیمانڈ ڈرافٹ سوسائٹی ایڈرس پر بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک/ TCS بھجوا دیں۔ پے آرڈر/ ڈیمانڈ ڈرافٹ کی پشت پر اپنا ممبر شپ نمبر لکھنا نہ بھولیں۔ عدم ادائیگی کی صورت میں جرمانہ اور نئے ریٹ کا اطلاق ہوگا۔ اور پلاٹ کینسل بھی کئے جاسکتے ہیں۔

## بلاک F کے ترقیاتی کاموں کا آغاز

ملٹی گارڈنز B-17 سکیم کے بلاک F میں ترقیاتی کاموں کا آغاز کیا جا رہا ہے انشاء اللہ ڈیڑھ/ دو سال کے اندر الاٹیوں کو پلاٹ کا قبضہ دے دیا جائے گا۔ F بلاک B-17 سکیم میں سب سے بلندی پر واقع اور موٹروے کے ساتھ متصل ہے اس کا لے آؤٹ پلان انتہائی پیشہ وارانہ مہارت سے تیار کیا گیا ہے، ہموار زمین اور محل وقوع کی خوبصورتی اس کی نمایاں خصوصیت ہے۔ توقع کی جا رہی ہے کہ اس بلاک کی منفرد خصوصیات کی بنیاد پر رہائشی تعمیرات تیزی سے مکمل ہونگی۔ سوسائٹی نے F بلاک کے الاٹیوں کو واجب الادا رقم کی پوری ادائیگی پر 21 فیصد کی خصوصی رعایت کا اعلان کیا ہے۔ جس کی آخری تاریخ **25 مئی 2016** ہے۔ لہٰذا ممبران اس موقع سے فائدہ اٹھائیں اس لیے کہ تعمیرات کے آغاز اور رہائشی اور تجارتی عمارتوں کی تعمیر کے ساتھ یہاں قیمتوں میں غیر متوقع اضافہ ہوگا۔



B-17 سکیم کا خوبصورت منظر


## ملٹی پروفیشنلز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی

ملٹی مینشن G-8 مرکز، اسلام آباد، پاکستان ۔ فون نمبر: 051-2261204, 2253470 ۔ یو اے این: 051-111-631-632

ویب سائٹ: www.mpchs.com ای میل: info@mpchs.com (عامر ایاز) 0300-5276817 (ثاقب) 0313-5050301